نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے اے آئی فورس ٹیک چائنا کی ٹریکٹر ساز کمپنی کے وفد کی چیف ایگزیکٹو آفیسر مسٹر ہن وائے (Mr. Han Wei) کی قیادت میں ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ملاقات

چائنا زرعی شعبہ میں جدت اور ٹیکنالوجی کے فیلڈ میں گلوبل لیڈر رہے۔صوبہ پنجاب میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے چائنا کا تعاون اور فنی معاونت درکار ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور 21 جنوری 2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو سے چائنا کی ٹریکٹر ساز کمپنی اے آئی فورس (AI-Force) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مسٹر ہن وائے (Han Wei) کی سربراہی میں پانچ رکنی وفد نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ پاکستان اور چائنا قریبی دوست ہیں۔ چائنا زرعی شعبہ میں جدت اور ٹیکنالوجی کے فیلڈ میں گلوبل لیڈر رہے۔صوبہ پنجاب میں زراعت کے شعبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ اور ٹیکنالوجی ٹرانسفر کے لئے چائنا کی معاونت سے زرعی شعبہ میں مزید ترقی کرے گا۔انھوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبہ میں زرعی شعبہ میں مصنوعی ذہانت کے استعمال اور روبوٹک والیکٹرک ٹریکٹرز متعارف کرانے کیلئے باہمی تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر زراعت کے شعبہ کو عصرِ حاضر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے 400 ارب روپے سے زائد کا ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔کاشتکاروں کو وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے ذریعے 150 ارب روپے کے بلاسود قرضہ جات فراہم کئے جارہے ہیں۔مشینی زراعت کو فروغ دینے کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو ملکی تاریخ کی سب سے بڑی سبسڈی دی گئی ہے اور 30 ارب روپے کی خطیر رقم سے پہلے مرحلہ میں 9500 کاشتکاروں کو 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی فراہم کی گئی ہے۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب زرعی ٹیوب ویلز سولرائزیشن پروگرام کے تحت 9 ارب روپے کی لاگت سے صوبہ بھر میں 8 ہزار بجلی وڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جارہا ہے۔کاشتکاروں کو بین الاقوامی طرز کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے 4 ماڈل ایگریکلچر مالز کا قیام عمل میں لانے سمیت متعدد منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے

اس موقع پر چائنا کی اے آئی فورس کمپنی کے سی ای او مسٹر ہین وائے نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں زرعی ٹیکنالوجی ٹرانسفر کیلئے اُن کی کمپنی بھرپور تعاون کرے گی۔صوبہ پنجاب میں ڈیجیٹل پلانٹیشن، ڈیجیٹل لیبارٹریوں کے قیام اور سٹیلائیٹ کے ذریعے مانیٹرنگ اور کنٹرول کے علاوہ جدید زرعی ریسرچ کیلئے تعاون کیا جائے گا۔انھوں نے مزید کہا کہ اُن کی کمپنی کے تیار کردہ الیکٹرک ٹریکٹرز سستے، معیاری اور مستعدی سے آپریشنز کی تکمیل کرنے والے ہیں۔اس کے علاوہ سمارٹ ایگریکلچر اور سبزیات کی جدید کاشتکاری کو فروغ دینے کیلئے دونوں ممالک کے باہمی تعان کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

ملاقات کے دوران سپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، پراجیکٹ ڈائریکٹر پی ای ایس پی محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر انجم علی، چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈز جلال حسن اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆